© rasaliojaraid.com



شعر وادب

محمد رفیق چودھری

# غامدی نامہ

تقریر تیری ، ساحری — تحریر تیری ، منطقی  
کیا خوب تیری شاعری — تو ذات کا ککے زئی  
جاوید احمد غامدی

'مودودی' نے پالا تجھے — 'اصلاحی' نے ڈھالا تجھے  
طاغوت اب لایا تجھے — 'مُلا' سے تیری دشمنی  
جاوید احمد غامدی

کونسل کا تو ممبر بھی ہے — ٹی وی کا دانشور بھی ہے  
اندر بھی ہے، باہر بھی ہے — اے منکر وحیٔ خفی!  
جاوید احمد غامدی

کتنے ہی تیرے ہم سفر — کرتے رہے تجھ سے حَذر  
جس کا سبب یہ تھا مگر — ہے بے مروّت آدمی  
جاوید احمد غامدی

جب جھوٹ مسجد میں کہا — تھا سامنے قرآں دھرا  
یوں تُو 'جماعت' سے گیا — پائی نئی پھر روشنی  
جاوید احمد غامدی

www.KitaboSunnat.com

© rasailojaraid.com



معنی 'سنت' بھی غلط ؟ 'اِجماعِ اُمت' بھی غلط
'سَبعہ قراءت' بھی غلط؟ مرتد کی حد ساقط ہوئی
جاوید احمد غامدی

تصویر زندہ کی درست؟ رقص اور موسیقی درست؟
خُمَر کے معنی درست ؟ کیا مرچکے عیسیٰ نبی ؑ ؟
جاوید احمد غامدی

اے ناقد حکم جہاد! تاویل باطل کا فساد
اے 'بش' 'بلیئر' کی مراد! 'پرویز' و 'مرزا' کی کڑی
جاوید احمد غامدی

..........................................

اے منکر شرعِ متین! اے حامیٔ اعدائے دین!
'روشن خیالی' را گزین! تو از کجا بر آمدی؟
جاوید احمد غامدی

..........................................

أَنْكَرْتَ حَدَّ الْمُرْتَدِ بَدَّلْتَ دِيْنَ أَحْمَدِ
لاَ تَصْلُحُ، لاَ تَـهْتَدِيْ أَنْتَ كَضَآلٍّ مُّلْحِدِ
اَلْغَامِدِيُّ الْغَامِدِيْ

* * *

جاتا ہے۔ ہوگا ۴ میں سب سے پہلے مغربی ہی

www.KitaboSunnat.com